## شیخو پورہ میں قرآن کی بیحرمتی کے الزام میں فیکٹری مالک سمیت تین افراد کے قتل اور فیکٹری کو نذر آتش کرنے کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور کھلی بربریت ہے۔الطاف حسین

## اسلام کے نام پر اس طرح کے بربریت کے واقعات نے دنیا بھر میں پاکستانیوں کا سر شرم سے جھکا دیا ہے

## شیخو پورہ کے واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے ، ذمہ دار افراد کو گرفتار کیا جائے ،اس طرح کے مذموم واقعات کی روک تھام کی جائے اور ملک میں آباد تمام اقلیتوں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے

لندن۔۔۔4 اگست 2009ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے شہر شیخو پورہ میں قرآن کی بیحرمتی کے الزام میں فیکٹری مالک سمیت تین افراد کے قتل اور فیکٹری کو نذر آتش کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو انتہائی افسوسناک اور کھلی بربریت قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس سے قبل ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بھی قرآن مجید کی بیحرمتی کا الزام لگا کر گوجرہ کی مسیحی بستی پرحملہ کرکے کئی مکانات کو لوٹنے کے بعد نذر آتش کر دیا گیا تھا اور خواتین اور بچوں کو زندہ جلا دیا گیا اور اب شیخو پورہ میں بھی اسی طرح تین افراد کے بہیمانہ قتل اور فیکٹری کو نذر آتش کرنے کا واقعہ پیش آیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام کے نام پر اس طرح کے بربریت کے واقعات نے دنیا بھر میں پاکستانیوں کا سر شرم سے جھکا دیا ہے۔انہوں نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ شیخو پورہ کے واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے ،اس کے ذمہ دار افراد کو گرفتار کیا جائے ،اس طرح کے مذموم واقعات کی روک تھام کی جائے اور ملک میں آباد تمام اقلیتوں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے شیخو پورہ میں دہشت گردی کے اس واقعہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

## گوجرہ میں عیسائی آبادی پرحملہ پاکستان کو عالمی سطح پر دہشتگرد ملک قرار دلوانے کی سازش ہے،ڈاکٹر علی حسن

## لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب

لاہور۔۔۔4/ اگست 2009ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسن نے گوجرہ میں مسیحی آبادی پر مسلح دہشتگردوں کے حملوں اور اس کے نتیجے میں ان کے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اسے پاکستان کو عالمی سطح پر دہشتگرد ملک قرار دلوانے کی سازش قرار دیتے ہوئے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف اور حکومت پنجاب کے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پورے ملک میں تمام اقلیتوں خصوصاً عیسائی برادری کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے اور اس قتل و غارتگری میں ملوث افراد کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔وہ منگل کے روز ایم کیو ایم پنجاب کے دیگر ذمہ داران کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ گوجرہ میں عیسائی برادری کے ساتھ ہونے والے ظلم کے دلخراش مناظر ہر دردمند دل رکھنے والے کیلئے ناقابل فراموش ہیں اور کوئی بھی دردمند اس کی مذمت کیے بغیر نہیں رہ سکتا اور نہ ہی ایسے واقعات کی حمایت کی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کیخلاف اندرون و بیرون سازشیں عروج پر ہیں جن کا سدباب ملکی سلامتی اور استحکام کیلئے ضروری ہے۔انہوں نے مسیحی برادری کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے تمام شہری بشمول اقلیتی برادری برابر کے شہری ہیں اور انہیں بھی وہ تمام حقوق حاصل ہونے چاہئے جو دیگر کو حاصل ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین واحد قومی سیاستدان اور رہنماء ہیں جنہوں نے ملک میں ہر قدرتی آفات میں خدمات انجام دی ہیں اور اگر کہیں بھی کسی کے ساتھ ظلم ہوا ہو تو اس کیخلاف نہ صرف آواز بلند کی ہے بلکہ اس کی شدید الفاظ میں مذمت بھی ہے متحدہ قومی موومنٹ مظلوموں کی جماعت ہے مظلوموں کے ساتھ جہاں بھی ظلم ہوگا متحدہ قومی موومنٹ اور قائد تحریک جناب الطاف حسین مظلوموں کے ساتھ ہوں گے۔

## اپنی ذات کے خول میں بند لوگ معاشرے میں انقلاب نہیں لاسکتے ،قاسم علی رضا

## سیاسی جماعتیں اقتدار کے حصول اور انقلابی جماعتیں نظام کی تبدیلی کیلئے جدوجہد کررہی ہوتی ہے،رضا ہارون

## پکا قلعہ گراؤنڈ میں ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔4، اگست 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے کہا ہے کہ اپنی ذات کے خول میں بند لوگ معاشرے میں انقلاب نہیں لاسکتے۔یہ بات

انہوں نے گزشتہ روز حیدرآباد زون کے زیراہتمام پکا قلعہ گراؤنڈ میں منعقدہ کارکنان کے جنرل ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر رضا ہارون، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین، حق پرست ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید، نائب ناظم ظفر راجپوت، تعلقہ ناظم شبر چشتی، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، شعبہ خواتین، اے پی ایم ایس او، لیگل ومیڈیکل ایڈ کمیٹی اور حق پرست یوسیز ناظمین اور کونسلرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قاسم علی رضا نے کہا کہ ایم کیوایم انقلابی تحریک ہے اور اس میں شامل ہر کارکن کا یہ بنیادی فریضہ ہے کہ وہ ہر اس عمل سے گریز کرے جو تحریک میں کسی بھی قسم کے انتشار کا سبب بنے۔انہوں نے کہا کہ تحریک میں کام کرنے کا مقصد تحریک میں انتشار پھیلانے کے بجائے اتفاق واتحاد پیدا کرنا ہوتا ہے اور جہاں اتحاد ہوتا ہے وہاں قوت وطاقت ہوتی ہے اور جہاں طاقت ہو وہاں فتح بھی یقینی ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اتحاد صرف اور صرف نظم وضبط کے اصولوں پر کاربند ہیں تاکہ ہم آنے والے حالات اور تحریک کے خلاف کی جانے والی سازشوں کا متحد ومنظم ہو کر مقابلہ کرسکیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رکن رابطہ کمیٹی وصوبائی وزیر رضا ہارون نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کوئی سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک انقلابی تحریک ہے اور سیاسی جماعتوں اور انقلابی تحریکوں میں واضح فرق ہوتا ہے، سیاسی جماعتیں اقتدار کے حصول اور انقلابی جماعتیں نظام کی تبدیلی کیلئے جدوجہد کررہی ہوتی ہے۔اجلاس سے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، رکن انور سلیم، زونل انچارج حیدرآباد محمد شریف اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

## رابطہ کمیٹی کا سندھی ڈراموں کے مقبول اداکار عبدالحسین ساریو کی علالت پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔4، اگست 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹیلی ویژن کے سندھی ڈراموں کے مقبول اداکار عبدالحسین ساریو کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد وکمل صحتیابی کی دعا کی ہے، رابطہ کمیٹی نے سندھ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عبدالحسین کا علاج و معالجہ فی الفور سرکاری خرچ پر کرایا جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عبدالحسین ساریو سندھ کے مقبول اداکار ہیں اوران کی علالت اور کسمپرسی سے ان کے شائقین حتیٰ کہ ساتھی فنکاروں میں بھی شدید بے چینی اور اضطراب پایا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ اداکار عبدالحسین ساریو کا علاج ومعالجہ فی الفور سرکاری خرچ پر کرانے کا بندوبست کیا جائے۔واضح رہے کہ عبدالحسین گزشتہ ڈھائی سال سے آنتوں کے کینسر میں مبتلا ہیں اور جس کے باعث وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنوں، ہمدردوں اور منتخب بلدیاتی نمائندوں کے بہیمانہ قتل کے محرکات اور گھناؤنی سازش بے نقاب ہوچکی ہے، ارکان سندھ اسمبلی
## حکومت کی ذمہ داری ہے کہ قتل کے محرکات اور گھناؤنی سازش میں ملوث عناصر کا محاسبہ کرے
## حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض، کارکن محمد راشد اور ہمدرد محمد عرفان سمیت 37 کارکنان کے بہیمانہ قتل پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔4، اگست 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے ملیر ٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ یوسی 1 کے کارکن محمد راشد اور ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 187 کے ہمدرد محمد عرفان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں سازش کے تحت سیاسی کارکنوں کی قتل وغارتگری اور امن وامان تباہ کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بعض سازشی قوتیں شہر کے حالات کو تہس نہس کرنے کے درپے ہیں اور ایم کیوایم کے کارکنوں، منتخب بلدیاتی نمائندوں اور ہمدردوں کی ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے بہیمانہ طریقے سے قتل کی وارداتوں سے ثابت ہوگیا ہے کہ جمہوریت کو پٹری سے اتارنے کیلئے سازشی عناصر انارکی پھیلانا چاہتے ہیں اور اس سلسلے میں حقیقی دہشت گردوں اور نام نہاد امن کمیٹیوں میں شامل جرائم پیشہ عناصر کو استعمال کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو بھاری عوامی مینڈیٹ حاصل ہے اور ایم کیوایم اپنے کارکنان، ہمدردوں اور بلدیاتی نمائندوں کے بہیمانہ قتل کے باوجود وہ ملک کی سالمیت، استحکام اور ملک بھر کے عوام کے وسیع تر اجتماعی مفاد کی خاطر صبر وبرداشت سے کام لے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی نازک ترین صورتحال کا بھرپور طریقے سے ادراک رکھتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم بہیمانہ قتل کے محرکات اور گھناؤنی سازش بے نقاب ہونے کے باوجود صبر وتحمل کا مظاہرہ کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت کی ذمہ داری بھی ہے کہ وہ ایم کیوایم کے کارکنوں، ہمدردوں اور منتخب بلدیاتی نمائندوں کے بہیمانہ قتل کے محرکات اور اس گھناؤنی سازش میں ملوث عناصر کا محاسبہ کرے۔انہوں نے نائب یوسی ناظم رانا ریاض شہید، کارکن محمد راشد شہید اور ہمدرد محمد عرفان شہید کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض، کارکن محمد راشد اور ہمدرد محمد عرفان کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ایم کیوایم کے کارکنوں، ہمدردوں اور منتخب بلدیاتی نمائندوں کے علاوہ

دیگر سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں عبرتناک سزا دی جائے۔

## الطاف حسین کی ہندو برادری کو رکشابندھن کے تہوار پر مبارکباد

لندن۔۔۔4راگست 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہندو برادری کو ان کے مذہبی تہوار ''رکشابندھن'' پر مبارکباد دی ہے اور ان سے اظہار یکجہتی کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ''رکشابندھن'' ہندو برادری کا ایک اہم مذہبی اور مقدس تہوار ہے جس پر میں ہندو برادری کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتا ہوں اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

☆☆☆☆☆